**گورنر KATHY HOCHUL** فوری ریلیز کے لیے: 2023/13/11

***گورنر HOCHUL نے علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل اقدام کے راؤنڈ XIII کے ذریعے 57$ ملین سے زیادہ کی رقوم ایوارڈ کرنے کا اعلان کر دیا***

***ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ گرانٹ فنڈ ایوارڈز کی پہلی کھیپ میں تعمیر کے لئے بالکل تیار 47 پروجیکٹس کی معاونت کے لیے 46$ ملین سے زیادہ شامل ہیں***

***108 کرافٹ بیوریج مینوفیکچررز اور 62 بغیر منافع کام کرنے والی تنظیموں کو 9.7$ ملین سے زیادہ کی کیپٹل گرانٹس دی گئی ہیں***

***راؤنڈ XIII کے ایوارڈ یافتگان کی مکمل فہرست یہاں دیکھی جا سکتی ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل پہل کاری کے ذریعے پوری ریاست نیو یارک میں 238 منصوبوں کی مدد و معاونت کے لیے 57$ ملین سے زائد کی رقم ایوارڈ کی گئی ہیں۔ راؤنڈ XIII میں امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development) کے گرانٹ فنڈز اور ایکسیلشئر جابز پروگرام (Excelsior Jobs Program) کے ٹیکس کریڈٹس شامل تھے، جو کمیونٹیز کی فوری ضروریات پوری کرنے کے لیے مسلسل اور مسابقتی بنیادوں پر دستیاب کروائی گئے تھے۔ ان پروگراموں سے 46$ ملین سے زیادہ کی فنڈنگ ان پُراثر منصوبوں کی معاونت کرے گی جو ہر علاقے کے اسٹریٹجک اہداف سے ہم آہنگ ہوں گے۔ راؤنڈ XIII میں دو نئے مائیکرو گرانٹ پروگرام بھی شامل تھے: کرافٹ بیوریج مائیکرو گرانٹ پروگرام (Craft Beverage Micro Grant Program) اور ناٹ فار پرافٹ کیپیٹل گرانٹ پروگرام (Not-for-Profit Capital Grant Program) جس نے پوری ریاست میں 170 کرافٹ بیوریج مینوفیکچررز اور بغیر منافع کام کرنے والی تنظیموں کی معاونت کے لیے 9.7$ ملین سے زیادہ رقوم ایوارڈ کیں۔

"نیو یارک اسٹیٹ تعمیر کے لئے تیار ایسے منصوبوں میں سرمایہ کاری کرکے ہماری بڑھتی ہوئی کمیونٹیز کی معاونت کر رہی ہے جو ملازمتوں کی تخلیق کی حوصلہ افزائی کریں گے اور مقامی معیشتوں کو فروغ دینے میں مدد دیں گے۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ان منصوبوں کی رینج علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کے اہم حصہ داروں کے ان پٹ کی عکاسی کرتی ہے جو اپنے مقامی اثاثوں اور صنعتوں کو بہتر طور پر جانتے ہیں، اور حال اور مستقبل کے لیے ہماری کمیونٹیز میں مواقع پیدا کرنے کے لیے اسٹریٹجک سرمایہ کاریاں کرنے میں ہماری مدد کرتے ہیں۔"

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ گرانٹ (Empire State Development Grant) کے فنڈز کے لیے درخواستیں بدستور کھلی ہیں اور فنڈز ختم ہونے تک درخواستوں کا مستقل جائزہ لیا جا رہا ہے۔ ریاست اور خطے کی اقتصادی ترقی کی ترجیحات کے مطابق مضبوط، تعمیر شروع کرنے کے لیے تیار پروجیکٹس کے حامل درخواست دہندگان جامع فنڈنگ کی درخواست کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں۔

**علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلوں کے چیئرمین، لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا،** "علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلیں پوری نیو یارک ریاست میں ان کمیونٹیز میں اسٹریٹجک سرمایہ کاریاں مربوط کرنے میں مسلسل مدد کر رہی ہیں جو مدتوں سے پسمانده اور بدحال رہی ہیں۔ تعمیر کے لیے تیار منصوبوں کی شناخت اور فنڈنگ کے اس

عمل کے ذریعے جو REDC کے اسٹریٹجک منصوبوں اور اہداف سے ہم آہنگ ہیں، فنڈنگ وہیں جاتی ہے جہاں اس کی ضرورت ہوتی ہے اور جہاں اس کا سب سے زیادہ اثر پڑے گا۔ REDCs کے ساتھ مل کر کام کرنے سے، میں جانتا ہوں کہ یہ ایوارڈز نیویارک میں رہنے والے متعدد افراد کے لیے ترقی، ملازمتوں اور تعلیمی مواقع میں فرق پیدا کریں گے۔"

**Empire State Development کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "STEM تعلیم اور مینوفیکچرنگ سے لے کر افرادی قوت کی ترقی، بچوں کی دیکھ بھال اور مزید متعدد معاملات تک REDCs اپنے علاقوں کی ضروریات اور مستقبل کی کامیابیوں کے لیے ایسے منصوبوں کے ذریعے رہنمائی کر رہے ہیں جن کا دیرپا اقتصادی اثر پڑے گا۔ دو نئے مائیکرو گرانٹ پروگرام ہماری طاقتور کرافٹ بیوریج انڈسٹری کو مزید مضبوط کرنے اور پوری نیو یارک ریاست میں بغیر منافع کام کرنے والی تنظیموں کے اہم کاموں کی معاونت بھی کریں گے۔"

ESD گرانٹ پروجیکٹس کے اس پہلے دور کی سفارش ہر علاقائی کونسل نے کی تھی کیونکہ وہ پروجیکٹس بالکل تیار بھی تھے اور ہر علاقے کے اسٹریٹجک پلان کے ساتھ ہم آہنگ بھی تھے۔ جھلکیوں میں شامل ہیں:

- **Discovery Center of Science and Technology - MOST STEM Education Center (وسطی نیویارک) – ESD $300,000 گرانٹ:** Discovery Center of Science and Technology اپنے MOST کے مشن کی معاونت کے لیے (اپنے سائراکوز ہوم میں) فی الوقت غیر استعمال شدہ جگہ پر تعمیرات کرے گا۔ اس نئی جگہ پر MOST کے دن والے کیمپوں اور پروگراموں کے لئے مزید کلاس رومز، STEM لائبریری، اور تعلیمی دفاتر بنائے جائیں گے۔ **پروجیکٹ کی مجموعی لاگت: 2.8$ ملین**

- **National Offshore Wind Training Center, Inc. (لانگ آئ لینڈ) – $3 ملین کی ESD گرانٹ** National Offshore Wind Training Center, Inc ساحلی ہوا والے ماحول میں کام کرنے والے ہر شخص کو حفاظتی اور تکنیکی سرٹیفیکیشنز فراہم کرنے کے لیے برینٹ ووڈ، سوفولک کاؤنٹی میں ہوا کی تنظیم کا ایک عالمی تربیتی مرکز بنائے گا۔ اس پروجیکٹ میں پری اپرنٹس شپ کے مواقع شامل ہوں گے اور وہ ہائی اسکول کے طلباء کے لیے توانائی اور پائیداری کے شعبوں میں موسم گرما کے پروگرام؛ نوجوانوں/بالغوں کے لیے جدید مینوفیکچرنگ کے تربیتی پروگرام فراہم کرے گا اور تربیت اور سرٹیفکیشن کے مواقع کے ذریعے اپنے کیریئر کے راہ پر گامزن ہونے میں افرادی قوت کی مدد و معاونت بھی کرے گا۔ **پروجیکٹ کی مجموعی لاگت: $11 ملین**

- **The Art Effect of the Hudson Valley, Inc. (مڈ-ہڈسن) – $2 ملین کی ESD گرانٹ** The Art Effect پفکیسی، ڈچس کاؤنٹی میں واقع Trolley Barn کو جو اس سے قبل خالی پڑا تھا مزید وسعت دے کر اسے رہائشیوں کے لیے اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور اپنی تعلیم آگے بڑھانے کے لیے تعلیم اور نوجوانوں پر مرکوز ایک مفید مرکز بنا دے گا۔ یہ پراجیکٹ تاریخی Poughkeepsie Trolley Barn گیلری کی تزئین و آرائش اور اضافی تعمیرات کے ذریعے اسے کمیونٹی آرٹس، کلچر، اور آرٹس ورک فورس ڈویلپمنٹ کے ایک عمدہ کیمپس میں تبدیل کر دے گا۔ **پروجیکٹ کی مجموعی لاگت: $13 ملین**

- **Midtown Utica Community Center (موہاک ویلی) – $450,000 ESD گرانٹ:** مڈ ٹاؤن یوٹیکا کمیونٹی سینٹر (Midtown Utica Community Center, MUCC) جو بنیادی طور پر یوٹیکا کے اس خستہ حال اور پسماندہ محلے میں پناہ گزینوں، تارکین وطن اور کم آمدنی والے نوجوانوں کی خدمت کرتا ہے، وہ اپنے کمیونٹی سنٹر کے عقبی حصے کی مرمت و بحالی کروائے گا جس سے پروگرامنگ اور روزگار کی سروسز میں مزید وسعت آئے گی۔ MUCC نئے آنے والے پناہ گزینوں، تارکین وطن اور نوجوانوں کو

کمیونٹی میں شامل ہونے میں مدد دینے کے لیے Utica City School District کے ساتھ باہم مل کر ایک نیا پروگرام شروع کرے گا۔ **پروجیکٹ کی مجموعی لاگت: $1.2 ملین**

- **Ogdensburg Bridge and Port Authority – Childcare Center (نارتھ کنٹری) – ESD $954,000 گرانٹ:** اوگڈنزبرگ برج اینڈ پورٹ اتھارٹی ( Ogdensburg Bridge and Port Authority) اوگڈنزبرگ کے کامرس پارک میں بچوں کی دیکھ بھال کی ایک نئی سہولت تعمیر کرے گی۔ اس سے اس علاقے کے قرب و جوار میں بچوں کی دیکھ بھال کے 125 نئے سلاٹس فراہم ہو جائیں گے جن سے بچوں، والدین اور کاروباروں سب کو فائدہ ہوگا۔ **پروجیکٹ کی مجموعی لاگت: $4.7 ملین**

- **Foodirect, Inc. (نیو یارک سٹی) – $1 ملین ESD گرانٹ، $1 ملین ایکسیلشئر جابز ٹیکس کریڈٹ:** Foodirect برونکس میں Hunts Point Cooperative Market میں اپنے فوڈ ڈسٹری بیوشن سینٹر کی تجدید اور توسیع کرے گا۔ تجدید و تزئین کے کاموں میں توانائی کی کارکردگی میں بہتریاں لانا، جدید ترین ریفریجریشن سسٹم اور انسولیشن کے جدید ترین طریقے شروع کرنا شامل ہوں گے جن سے اس آپریشن کا کاربن فوٹ پرنٹ نمایاں طور پر کم ہو جائے گا۔ یہ پروجیکٹ Hunts Point Market کمپلیکس میں ہونے والے مجموعی ترقیاتی کاموں میں بھی اپنا حصہ ڈالے گا۔ **پروجیکٹ کی مجموعی لاگت: $18 ملین**

- **Sportsfield Specialties, Inc. (جنوبی ٹیئر) - $500.000 کی ESD گرانٹ، $1.5 ملین ایکسیلشئر جابز ٹیکس کریڈٹ:** .Sportsfield Specialties, Inc ایس ایس آئی (SSI) دہلی، ڈیلاویئر کاؤنٹی میں واقع کھیلوں کا سامان بنانے والا ایک ادارہ ہے۔ SSI اپنی موجودہ سائٹ سے متصل خالی پڑی ہوئی املاک کو دوبارہ قابل استعمال بنا کر اپنے مینوفیکچرنگ آپریشنز کو مزید وسعت دے گا۔ اس مجوزہ منصوبے میں جدید آلات کے حامل 60,000 مربع فٹ پر محیط مینوفیکچرنگ پلانٹ کی توسیع، ایک نیا دفتری کمپلیکس، مکینیکل شاپ اور اسٹوریج کی جگہ شامل ہوگا۔ **پروجیکٹ کی مجموعی لاگت: $27.5 ملین**

کرافٹ بیوریج مائیکرو گرانٹ پروگرام (Craft Beverage Micro Grant Program) کے ذریعے 108 منصوبوں کی معاونت کے لیے تقریباً $4.8 ملین ایوارڈ کیے گئے ہیں جو نیو یارک ریاست میں شراب، بیئر، اسپرٹس، ہارڈ سائڈر اور میڈ تیار کرنے والے لائسنس یافتہ کاروباروں کی پیداواری صلاحیت، کاروباری انفراسٹرکچر اور منافع میں اضافہ کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

کرافٹ پروگرام (Craft Program) کے خاص پہلو یہ ہیں:

- **Speckled Pig Brewing Co., LLC (کیپیٹل ریجن) – ESD $42,500 گرانٹ:** بالسٹن سپا، ساراٹوگا کاؤنٹی میں واقع Speckled Pig Brewing اپنے بریو ہاؤس آلات کو اپ گریڈ کرے گی اور ایک نئی کیننگ لائن اور کیگ کلیننگ سسٹم خریدے گی۔ ان یہ اضافی آلات سے Speckled Pig کو ریاست نیو یارک میں واقع اپنی کرافٹ بیئر کی فروخت کو 100 سے زیادہ ریستورانوں/بارز تک بڑھانے کے ساتھ ساتھ پوری ریاست میں اپنی بیئر کی ڈسٹری بیوشن کی استعداد بھی مل جائے گی۔

- **Birdhouse Brewing Company, Inc. (فنگر لیکس) - $50,000 کی ESD گرانٹ:** Birdhouse Brewing ہنیوئے، اونٹاریو کاؤنٹی میں واقع اپنے کارخانے کو مزید وسعت دے رہی ہے، اور اپنے بریونگ سسٹم کو تین بیرل والے بریونگ سسٹم سے سات بیرل والے بریونگ سسٹم پر اپ گریڈ کر رہی ہے۔ اس توسیع سے Birdhouse Brewing کو اپنی پیداوار اور بریونگ کی صلاحیت بڑھانے اور زیادہ

خود کفیل بننے کی استعداد مل جائے گی اور وہ تراکیب تیار کرنے اور بڑے پیمانے پر پیداوار میں مدد کے لیے کسی دوسری بریونگ کمپنی کی محتاجی سے بچ جائے گی۔

Craft پروگرام کے ایوارڈ یافتگان کی مکمل فہرست یہاں دیکھی جا سکتی ہے۔

ناٹ فار پرافٹ کیپیٹل گرانٹ (Not-for-Profit Capital Grant) پروگرام کے ذریعے 62 پروجیکٹس کی معاونت کے لیے 4.9$ ملین سے زیادہ ایوارڈ کیے گئے ہیں جو بغیر منافع کام کرنے والی ایسی تنظیموں کو سپورٹ کریں گے جو اپنے علاقوں میں سہولیات کی بہتری اور اپ گریڈ میں مدد کرنے والے معاشی اور کمیونٹی فوائد فراہم کرتی ہیں۔

Not-for-Profit Program کے خاص پہلو یہ ہیں:

- **The Inspired Community Project, Inc. (نیو یارک سٹی) – 100,000$ کی ESD گرانٹ**
انسپائرڈ کمیونٹی پروجیکٹ (Inspired Community Project, TICP) کا مشن خصوصی تعلیمی ہدایات، وسائل، اور افرادی قوت کو ترقی دینے والی تربیت تک مساوی رسائی کو یقینی بنانا ہے۔ TICP کی توجہ بنیادی طور پر معاشی طور پر پسماندہ برونکس علاقے میں ابتدائی بچپن کی معیاری تعلیم، بچوں کی دیکھ بھال کے اختیارات، اور تھراپی کی خدمات فراہم کرنے پر مرکوز ہے۔ اس گرانٹ فنڈنگ سے برونکس میں ایک نئی جگہ کی تعمیر اور تزئین و آرائش میں مدد ملے گی، اور ایک ابتدائی معاونت والا تھراپی مرکز اور بچوں کی دیکھ بھال والی ایسی سہولت قائم ہو جائے گی جو نیورو ڈائیورجینٹ بچوں کو خصوصی تعلیم دیتی ہے۔ اس پروجیکٹ میں افرادی قوت کی ترقی والے پروگرام بھی شامل ہوں گے۔

- **Heart, Love & Soul, Inc. (مغربی نیویارک) – 100,000$ کی ESD گرانٹ:** Heart, Love and Soul بغیر منافع کام کرنے والی ایک کمیونٹی تنظیم ہے جو کم آمدنی والے افراد اور خاندانوں کو بھوک سے نجات دلواتی اور سماجی دیکھ بھال کی سہولیات فراہم کرتی ہے۔ اس گرانٹ فنڈنگ کا استعمال Niagara Falls میں واقع انکی موجودہ سہولت کی تزئین و آرائش اور توسیع کے لیے کیا جائے گا تاکہ مزید صارفین کی خدمت کی جا سکے۔

Not-for-Profit پروگرام کے ایوارڈ یافتگان کی مکمل فہرست یہاں دیکھی جا سکتی ہے۔

اضافی طور پر، سٹریٹجک پلاننگ اور فزیبلٹیز اسٹڈیز پروگرام ( Strategic Planning and Feasibilities Studies Program) کے ذریعے 1$ ملین سے زیادہ ایوارڈ کیے گئے ہیں۔ یہ ایوارڈز 21 منصوبوں کی معاونت ورکنگ کیپیٹل گرانٹس کے ذریعے کر رہے ہیں تاکہ میونسپلٹیوں اور کاؤنٹیوں کے لیے اسٹریٹجک ترقیاتی منصوبوں، اور تشخیص اور منصوبہ بندی کی فزیبلٹی اسٹڈیز میں مدد و معاونت کی جا سکے۔

REDC کا عمل علاقائی شراکت داروں کی معاونت اور انہیں بااختیار بنانے کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے تاکہ ایسے سٹریٹیجک منصوبے تشکیل دیے جا سکیں اور ترجیحات کو فنڈ فراہم کیا جا سکے جو مقامی اقتصادی ضروریات کو پورا کریں۔ REDC Initiative کے ذریعے آج تک ہر علاقے کے سٹریٹجک منصوبے کی مناسبت سے 9,700 سے زیادہ نئی ملازمتوں کی تخلیق اور کمیونٹی ڈویلپمنٹ پروجیکٹس کے لیے 7.8$ بلین سے زائد تفویض کیے جا چکے ہیں۔

**فنڈنگ کی یکجا درخواست کے بارے میں**
فنڈنگ کی یکجا درخواست کو گرانٹ کی درخواست کے عمل کو ہموار اور تیز کرنے کے لیے بنایا گیا تھا۔ CFA کا عمل، افسر شاہی کے عمل دخل میں کمی اور استعداد کار میں اضافے کو یقینی بناتے ہوئے ریاستی وسائل کے تعین میں نمایاں بنیادی منتقلی سرانجام دیتا ہے، تاکہ مقامی اقتصادی ترقی کی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔ CFA اقتصادی ترقی کی فنڈنگ تک رسائی کے لیے واحد داخلہ جاتی مقام کی حیثیت کا حامل ہے، اور درخواست دہندگان

کے لیے اس امر کو یقینی بناتا ہے کہ انہیں بنا کسی اشتراکی طریقہ کار کے متعدد ایجنسیوں اور وسائل کی تلاش کے عمل میں مزید سست روی کا سامنا نہ ہو۔ اب، اقتصادی ترقیاتی پروجیکٹس CFA کو ایک درخواست کے ذریعے ریاستی فنڈنگ کے متعدد ذرائع تک رسائی کے لیے معاون طریقۂ کار کے طور پر استعمال کرتے ہیں، جس سے اس عمل کو تیز تر، نسبتاً آسان اور زیادہ نتیجہ خیز بنایا جاتا ہے۔ CFA کے بارے میں مزید معلومات یہاں حاصل کریں۔

**علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلز کے بارے میں**

علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل انیشئیٹو (Regional Economic Development Council initiative) ریاستی سرمایہ کاری اور اقتصادی ترقی کے لیے ریاست کے لائحہ عمل کا ایک اہم جزو ہے۔ سنہ 2011 میں، 10 علاقائی کونسلیں اپنے علاقوں کے لیے اقتصادی ترقی کے لیے طویل مدتی تزویراتی منصوبے تیار کرنے کے لیے قائم کی گئی تھیں۔ کونسلیں سرکاری و نجی شراکت داری ہیں جو مقامی ماہرین اور کاروباری، تعلیمی، مقامی حکومت، اور غیر سرکاری تنظیموں کے حصہ داروں پر مشتمل ہوتی ہیں۔ علاقائی کونسلوں نے علاقے پر مبنی، نچلی سطح کو اوپر لانے اور ریاستی وسائل کے لیے مسابقتی عمل قائم کر کے ملازمتوں اور معاشی نمو میں نیو یارک کی سرمایہ کاری کے طریقے کو نئے سرے سے متعین کیا ہے۔ regionalcouncils.ny.gov پر مزید معلوم کریں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418